فریب کے اس مذموم کاروبار سے عامتہ المسلمین کو خبردار کرنے اور مرزائیوں کے دھوکے سے بچانے کی غرض سے جناب ط... حسین صاحب کا بیان من و عن پیش خدمت ہے۔

"۶۴ء میں بندہ مڈل سکول دھنوٹ میں تعینات تھا۔ وہاں اتفاق سے ایک مرزائی پٹواری غلام حسین نامی بھی رہا کرتا تھا۔ اس کا لڑکا مدرسہ میں زیر تعلیم تھا اور وہ اپنے ہمراہ اکثر اوقات الفضل لایا کرتا تھا۔ میں نے دو چار بار الفضل دیکھا۔ تو اس میں بیرونی ممالک کی تبلیغی سرگرمیوں کی خبر کی غرض سے اسے دیکھنے کا اشتیاق ترقی پانے لگا۔ ایک شب کو میں اسے مطالعہ کرتے ہوئے سرہانے رکھ کر لیٹ گیا۔ نصف شب کے قریب انتہائی درجہ کی عفونت سے میری نیند کھل گئی۔ ہر چند ادھر ادھر دیکھا، بستر کا جائزہ لیا۔ کوئی چیز دیکھنے میں نہ آئی۔ جونہی بستر کو الٹ پلٹ کرتے ہوئے میں نے الفضل کو ہاتھ میں لیا۔ تو عفونت سے دماغ پھٹنے لگا۔ میں نے اسے دور پھینکا تو گندگی کی بو کم ہونی شروع ہو گئی لیکن اس کے تاثرات صبح تک دماغ پر قائم رہے۔ اس کے بعد میں نے اس گندگی کے پلندے کو ایک نظر دیکھنے سے بھی ہمیشہ کیلئے توبہ کر لی۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے باطل کی طرف مائل ہونے سے بچا لیا۔"

زیرِ تعمیر مسجد و مدرسہ

جامعہ نقشبندیہ تبلیغ الاسلام

لکا قلعہ تحصیل ننکانہ، ضلع شیخوپورہ،

زیر سرپرستی : حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ : خانقاہ سراجیہ کندیاں

مسجد کی تعمیر شروع ہے نقد و سامانِ تعمیر دونوں صورتوں میں بھرپور تعاون فرمائیں!

ترسیل زر کے لئے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا نورالدین صاحب! خلیفہ مجاز حضرت مولانا عبدالغفور عباسی مدنی رحمۃ اللہ علیہ۔

منتظم و متولی حضرت مولانا قاری محمد اقبال ساجد، خلیفہ مجاز حضرت مولانا نورالدین مدظلہ العالی۔ اکاؤنٹ نمبر ۱۰۶۸ یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کھڈا موڑ برانچ؛